سوال

(432) گوبر سے لپی ہوئی جگہ پر نماز پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید کا گھر گائے بیل بھینس کے گوبر سے لیپا جاتا ہے۔ اور زید کے گھر والے سب وضو کرنے کے بعد بغیر جوتے کے اسی لپی ہوئی جگہ پر ننگے پیر پھرتے ہیں پھر اسی وضو سے دوبارہ بغیر پیر دھوئے نماز پڑھ لیتے ہیں۔ تو کیا اس میں کچھ کراہت تو نہیں ہے۔ او کیا ایسے گوبر سے لپی ہوئی جگہ پر صرف رومال یا جانماز بچھا کر نماز پڑھنا جائز ہے۔ کیا مسلمانوں کو اپنے گھر گوبر سے لپنا جائز ہے۔ (سائل مذکور)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

گوبر سے لپنا نہیں چاہیے۔ لیکن لپے ہوئے خشک پر سوکھے پیر چلنے سے پیر ناپاک نہیں ہوتے۔ اس پر جانماز بچھا کر پڑھ سکتے ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص606

محدث فتویٰ